57 Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 256 | صفحات: 08 | ۱۸ ستمبر ۲۰۲۵ بروز جمعرات بمطابق ۲۴ ربیع الاول ۱۴۴۷ | Thursday 18th September 2025 | جلد نمبر 57




### ساتوک پری کوارٹر فائنل میں

ساتوک سائراج رنکیریڈی اور چراغ شیٹی شینزین ایرینا میں جاری لی-ننگ چائنا ماسٹرز ۲۰۲۵ کے راؤنڈ آف ۱۶ میں پہنچ گئے ہیں۔ ہندوستانی جوڑی نے ملائیشیا کے جنیدی عارف اور رائے کنگ یاپ کو ۴۲ منٹ میں سیدھے گیمز میں ۲۴-۲۲، ۲۱-۱۳ سے شکست دے کر اپنی مہم کا فاتحانہ آغاز کیا۔ (تفصیلات اندر)



### جیمیسن کیوی ٹیم میں شامل

نیوزی لینڈ کرکٹ (این زیڈ سی) نے آسٹریلیا کے خلاف چیپل ہیڈلی ٹرافی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے ۱۴ رکنی ٹیم کا اعلان کر دیا جس میں فاسٹ بولرز کائل جیمیسن اور بین سیئرز کی واپسی ہوئی ہے۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق کائل جیمیسن حالیہ دورہ زمبابوے میں اپنے پہلے بچے کی پیدائش کے باعث قومی ٹیم کو دستیاب نہیں تھے۔ (تفصیلات اندر)

# یہ نیا ہندوستان ہے، گھر میں گھس کر مارتا ہے/ وزیر اعظم مودی


## کہا ہمارا ملک کسی کے جوہری دھمکیوں سے ڈرنے والا نہیں ہے

بھیسولہ (دھار)، 17 ستمبر (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے کل ایک بار پھر پاکستان کے لیے انتہائی الفاظ میں دہرایا کہ یہ نیا ہندوستان ہے، جو کسی کے جوہری دھمکیوں سے نہیں ڈرتا اور گھر میں گھس کر مارتا ہے۔ مسٹر مودی مدھیہ پردیش کے دھار ضلع کے بھینسولہ میں منعقد ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس دوران جیش محمد کے کمانڈر مسعود الیاس کشمیری کے حالیہ اعتراف کے تناظر میں انہوں نے کہا کہ ہمارا ملک بھارت ماتا کی حفاظت کو اولین ترجیح دیتا ہے۔ پاکستان کے دہشت گردوں نے ہماری ماؤں اور بہنوں کا سندور اجاڑا تھا، ہم نے آپریشن سندور کر کے دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ کر دیئے۔ ہمارے بہادر سپوتوں نے پلک جھپکتے ہی پاکستان کو گھٹنوں پر لا دیا۔ کسی کا نام لیے بغیر، مسٹر مودی نے کہا، "کل ہی ملک اور دنیا نے دیکھا ہے کہ پھر ایک پاکستانی دہشت گرد نے رو رو کر اپنا حال سنایا ہے۔ یہ نیا ہندوستان ہے۔ یہ کسی کی ایٹمی دھمکیوں سے نہیں ڈرتا۔ یہ نیا ہندوستان ہے، یہ گھر میں گھس کر مارتا/ 1




### ایکو گاڑی کی ٹکر سے جوگی لنکر رعناوری کی طالبہ جان بحق

سرینگر/ کے این ایس/ رعناواری کے جوگی لنکر علاقے میں بدھ کے روز ایک سڑک حادثے میں ایک 12 سالہ اسکولی طالبہ کی موت ہوگئی اور چار دیگر زخمی ہوگئے۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب ایکو گاڑی بے قابو ہو کر پیدل چلنے والوں سے ٹکرا گئی جس سے گنجان آباد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پولیس نے واقعے کے حوالے سے ایک کیس درج کر کے مزید تحقیقات شروع کی ہے۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق پولیس حکام نے حادثے میں/ 2




# لیفٹیننٹ گورنر کا رام بن گول مارکیٹ میں بیلی پل کا ورچول افتتاح

## تقریباً 1.5 لاکھ لوگوں کیلئے امید کی علامت اور لائف لائن کی حیثیت



سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بدھ کے روز رام بن-گول روڈ پر ایک بیلی پل کا ورچول افتتاح کیا۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ پل رام بن، سنگلدان اور گول کے علاقوں میں رہنے والے تقریباً 1.5 لاکھ لوگوں کے لیے امید کی علامت اور لائف لائن کی حیثیت رکھتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ پل نمایاں طور پر کنیکٹیوٹی کو فروغ دے گا اور مقامی رہائشیوں کے لیے زندگی کو بہتر بنائے گا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ حالیہ قدرتی آفات نے زندگی کو شدید طور پر متاثر کیا ہے، بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہے اور مالی مشکلات کے ساتھ ساتھ سنگلدان کو گول اور دیگر ملحقہ علاقوں کے ساتھ جوڑنے والے اس اہم راستے میں خلل پڑا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ان چیلنجوں کے باوجود فوج کے بہادر انجینئروں نے مشکل حالات میں پل کو مکمل کرنے کے لیے انتھک محنت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ بیلی برج فوج کی لگن، مہارت اور غیر متزلزل خدمات کو ثابت کرتا ہے اور اس اہم رابطے نے نہ صرف متاثرہ کمیونٹیوں کو ریلیف اور مدد فراہم کی ہے بلکہ پورے خطے کے لیے امید کی نئی کرن بھی پیدا کی ہے۔


### تین ہفتوں کی عارضی معطلی کے بعد

## شری ویشنو دیوی یاترا پھر شروع

جموں/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے ضلع ریاسی کے قصبہ کٹرہ کے ترکوٹہ پہاڑیوں میں واقع شری ماتا ویشنو دیوی مندر کی یاترا 22 دنوں کی معطلی کے بدھ کی صبح دوبارہ شروع ہوئی۔ یاترا کی بحالی کی خبر پھیلتے ہی ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے یاتریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور ماتا کے درشن کے لئے قطاروں میں کھڑے یاتری 'جے ماتا' کے فلک شگاف نعرے بلند کر رہے تھے۔ واضح رہے کہ 26 اگست کو ویشنو دیوی/ 4

### "آپریشن سندور" کے دوران کسی تیسرے کی ثالثی کا دعویٰ غلط

## راج ناتھ سنگھ کا "حیدرآباد لبریشن ڈے" کی تقریبات سے خطاب



سرینگر/ سی این ایس/ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے بدھ کو امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے آپریشن سندور کے بعد پاک بھارت تنازعہ کو روکنے کے لیے مداخلت کرنے کے دعوؤں کو عملی طور پر مسترد کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کسی تیسرے فریق کی ثالثی کی وجہ سے معطل نہیں کی گئی تھی۔ مرکزی حکومت کی جانب سے منعقدہ 'حیدرآباد لبریشن ڈے' کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ اگر مستقبل میں کوئی دہشت گردانہ حملہ ہوا تو "آپریشن سندور" دوبارہ شروع کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ ایسے ہیں جو پوچھتے ہیں کہ کیا ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کسی کی مداخلت کی وجہ سے ہوئی؟/ 5

### سابق حریت لیڈر پروفیسر عبدالغنی 89 سال کی عمر میں انتقال کر گئے

## مختصر علالت کے بعد سوپور میں اپنے گھر میں آخری سانس لی



سرینگر/ کے این ایس/ سابق حریت رہنما پروفیسر عبدالغنی بٹ بدھ کی شام اپنے آبائی گھر شمالی کشمیر کے سوپور بنگو میں 89 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق وہ مختصر علالت کے بعد گھر میں انتقال کر گئے۔ پروفیسر عبدالغنی بٹ کئی سال تک کشمیر کی علیحدگی پسند سیاست میں ایک نمایاں شخصیت رہے۔ مرحوم نے 1986ء میں مسلم یونائیٹڈ فرنٹ کی مشترکہ بنیاد رکھی بعد میں سال 1993ء میں تشکیل دی گئی کل جماعت حریت کانفرنس کے چیرمین بھی رہے اور مسلم کانفرنس جموں و کشمیر کے صدر بھی رہے، جس پر پابندی عائد ہے۔

### ٹرانسپورٹ کمپنیوں کی من مانی کرایہ بندی کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

## محکمہ ٹرانسپورٹ کا میوہ فروشوں، کاشتکاروں اور تاجران کی شکائت کا نوٹس

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر ٹرانسپورٹ محکمہ نے میوہ کاشتکاروں اور تاجروں کی جانب سے ٹرانسپورٹ کمپنیوں کی من مانی کرایہ بندی کی شکایات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے خصوصی کریک ڈاؤن شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مشترکہ ٹرانسپورٹ کمشنر وکاس آنند نے ریجنل ٹرانسپورٹ آفیسر کشمیر اور تمام اسسٹنٹ ریجنل ٹرانسپورٹ آفیسرز کو ہدایت دی گئی ہے کہ بڑی میوہ منڈیوں میں بار بار اور اچانک معائنہ کیا جائے اور روزانہ کی بنیاد پر کارروائی کی رپورٹ کمشنر کے دفتر کو بھیجی جائے۔ سرکاری بیان کے مطابق، سری نگر میں ایک خصوصی انفورسمنٹ ٹیم قائم کی گئی ہے جو روزانہ دو اضلاع میں چیکنگ کرے گی اور شکایت کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائے گی۔ کاشتکاروں اور تاجروں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ سیب کے اس موسم میں فوری اور ہنگامی بنیادوں پر مداخلت کی/ 8

### چند ہفتے قبل فی بکس ٹرانسپورٹ لاگت 90 روپے تھی جو

## بڑھ کر 300 روپے تک جا پہنچی ہے، کاشتکاروں کی انصاف کیلئے چیخ و پکار

سرینگر/ یو این آئی/ وادی کشمیر کے سیب کاشتکار اور تاجر اس سال بدترین بحران کا سامنا کر رہے ہیں جہاں ایک طرف سری نگر۔ جموں قومی شاہراہ پر رکاوٹوں کے باعث سیب سے لدی گاڑیوں کی نقل و حمل بری طرح متاثر ہوئی ہے تو وہیں دوسری جانب ٹرانسپورٹ کرایہ میں بے تحاشا اضافہ اور بازار میں قیمتوں میں نمایاں کمی نے باغبانی کے اس اہم شعبے کو درپیش مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ کاشتکاروں کے مطابق چند ہفتے قبل فی بکس ٹرانسپورٹ لاگت 90 روپے تھی جو اب بڑھ کر 300 روپے تک جا پہنچی ہے۔ دوسری طرف، بازار میں قیمتیں تقریباً نصف رہ گئی ہیں جس سے صنعت کو کروڑوں روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑا۔ شہر خاص کے میوہ تاجر شاہین امین نے یو این آئی کو بتایا: چند ہفتے قبل سیب پر فی بکس 90 روپے کا ٹرانسپورٹ خرچہ آتا تھا لیکن اب یہ بڑھ کر 300 روپے ہو گیا جو سراسر ناانصافی ہے۔/ 6

### سرینگر۔جموں ہائی وے پر رُکی مال گاڑیاں حرکت میں آگئیں

## قاضی گنڈ سے میوہ سے لدی گاڑیوں کو جموں جانے کی اجازت دی گئی

سرینگر/ یو این آئی/ میوہ صنعت سے وابستہ لوگوں کے لئے ایک بڑی راحت کے طور وادی کو ملک کے ساتھ جوڑنے والی 270 طویل سری نگر- جموں قومی شاہراہ بدھ کو کئی دنوں کے بعد مال بردار گاڑیوں کے لئے کھل گئی اور قاضی گنڈ سے میوہ سے لدی گاڑیوں کو جموں جانے کی اجازت دی گئی۔ ایس ایس پی ٹریفک رورل روبندر پال سنگھ نے میڈیا کو بتایا کہ ہماری کوشش ہے کہ پہلے زیادہ سے زیادہ میوہ بردار گاڑیوں کو نکالا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں بھی اس کوشش کو جاری رکھا جائے گا۔ موصوف ایس ایس پی نے کہا کہ آج شام جاری ہونے/ 7

### ڈونالڈ ٹرمپ کی وزیر اعظم مودی کو 75 ویں سالگرہ پر مبارک باد


## مودی نے فون کال پر اظہار تشکر کیا اور ایکس پر پیغام بھی جاری کیا



سرینگر/ جے کے این ایس/ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے وزیر اعظم نریندر مودی کو فون کیا اور انہیں ان کی 75 ویں سالگرہ پر مبارکباد دی۔ یہ پہلا موقع ہے کہ دونوں رہنماؤں نے مہینوں کے بعد فون پر بات کی ہے، جسے دونوں ممالک کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے اور تعلقات کو دوبارہ مضبوط بنانے کے لیے امریکہ کے ایک نئے اقدام کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق وزیر اعظم مودی/ 14

### منوج سنہا کی وزیر اعظم کو 75 ویں یوم پیدائش پر مبارک باد

## میں آپ کی طویل اور صحت مند زندگی کے لیے دعا گو ہوں



سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے وزیر اعظم نریندر مودی کو ان کے یوم پیدائش پر مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی کی وژنری قیادت میں قوم ہر میدان میں بے مثال ترقی کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ آپ 17 ستمبر 1950 پیدا ہوئے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے وزیر اعظم کو ان کے 75 ویں یوم پیدائش پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے 'ایکس' پر اپنے ایک پوسٹ میں کہا: / 15

## عمر عبداللہ کی نریندر مودی کو ان کے یوم پیدائش پر مبارکباد



سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے وزیر اعظم نریندر مودی کو ان کے 75 ویں یوم پیدائش پر مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم کی طویل عمر اور اچھی صحت کے لئے دعا کی۔ واضح رہے کہ آج وزیر اعظم نریندر مودی کا یوم پیدائش ہے۔ آپ 17 ستمبر 1950 کو ودنگر گجرات میں پیدا ہوئے۔/ 16

### امبانی نے مودی کو "بھگوان کا بھیجا ہوا اوتار" قرار دیا

## میری خواہش ہے آزادی کے 100 سال مکمل ہونے تک اس عہدے پر رہیں



نئی دہلی/ یو این آئی/ ریلائنس انڈسٹریز کے چیئرمین اور منیجنگ ڈائرکٹر (سی ایم ڈی) مکیش امبانی نے بدھ کو وزیر اعظم نریندر مودی کو "بھگوان کا بھیجا ہوا اوتار (اوتار)" قرار دیا اور کہا کہ یہ کوئی اتفاق نہیں ہے کہ مسٹر مودی کا امرت مہوتسو 75) سال کا ہونا) ملک کے امرت کال میں ہوا ہے۔ مسٹر امبانی نے آج جاری ایک ویڈیو پیغام میں وزیر اعظم/ 17

### زمین دھنسنے کے واقعات: زائد از 200 مکانات کو نقصان 3000 سے زیادہ لوگ بے گھر

## وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ہیلی کوپٹر کا استعمال کر کے متاثرین تک رسائی حاصل کی



کالابن (پونچھ)/ جے کے این ایس/ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بدھ کو پونچھ ضلع کے کالابن گاؤں کا دورہ کیا تاکہ سرحدی پٹی میں زمین دھنسنے سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیا جا سکے۔ جے کے این ایس کے مطابق جموں خطے کے سرحدی ضلع پونچھ میں لائن آف کنٹرول کے قریب واقع مینڈھر تحصیل کے کالابان گاؤں 11 ستمبر سے زمین بوس ہو رہا ہے۔ زمین کھسک جانے سے یہاں 1000 سے زیادہ لوگ متاثر ہوئے ہیں اور 95 سے زیادہ مکانات، ایک قبرستان اور ایک مسجد کو نقصان پہنچا ہے۔ متاثرہ کنبوں کو محفوظ پناہ گاہوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، جنہوں نے گاؤں تک پہنچنے کے لیے ہیلی کاپٹر لیا، نے مختلف متاثرہ علاقوں کا معائنہ کیا جہاں زمین دھنسنے سے مکانات، سڑکوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے متاثرہ افراد سے ملاقات کی، ان کی شکایات سنیں اور انہیں مکمل حکومتی تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے عہدیداروں کو قیام و طعام کے لئے تمام ضروری سہولیات فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کو ڈپٹی کمشنر پونچھ اشوک شرما اور وزیر جاوید رانا، جو مقامی ایم ایل اے/ 10

### مسٹر مودی نے اپنے دور حکومت میں کبھی امتیازی سلوک نہیں کیا/ امیت شاہ

## 24 سال سے وزیر اعظم کے ساتھ کام کر رہا ہوں لیکن انہوں نے کبھی چھٹی نہیں کی



نئی دہلی/ یو این آئی/ مرکزی وزیر داخلہ و امداد باہمی امیت شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک ترقی یافتہ اور خوشحال ہندوستان کی تعمیر کے عزم کے ساتھ کام کیا ہے، جس کے نتائج ہر شعبے میں نظر آ رہے ہیں۔ بدھ کو یہاں تیاگ راج اسٹیڈیم میں افتتاحی تقریب میں سب کو وشوکرما ڈے کی مبارکباد دیتے ہوئے مسٹر شاہ نے کہا کہ بھگوان وشوکرما مزدور طبقے کے لیے بہت اہم مقام رکھتے ہیں۔ یہ اتفاق ہے کہ بھگوان وشوکرما اور وزیر اعظم نریندر مودی دونوں کی سالگرہ ایک ہی دن آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسٹر مودی نے اپنے دور حکومت میں کبھی امتیازی سلوک نہیں کیا، جبکہ پچھلی حکومت نے کیا تھا۔ وزیر اعظم مودی نے 1.4 بلین لوگوں کو اپنا خاندان سمجھا ہے۔ مودی نے اپنے گیارہ سالہ دور اقتدار میں ملک کو محفوظ بنا کر، اسے معاشی طور پر ترقی دے کر، ہر غریب گھرانے میں نئی توانائی اور جوش پیدا کر کے، اور ہر بچے میں عظیم ہندوستان کا عزم پیدا کر کے یہ حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی سرحدوں کو محفوظ بنانا ہو یا سرجیکل اسٹرائیک اور ہوائی حملوں سے جوابی کارروائی ہو اور آخرکار آپریشن سندور پاکستان کے گھر میں گھس کر مسٹر مودی نے کر دکھایا۔ انہوں نے ایودھیا میں رام مندر کی تعمیر سے لے کر دفعہ 370 کو ختم کرنے تک برسوں سے زیر التواء مسائل کو فوری طور پر حل کیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ وہ 24 سال سے وزیر اعظم کے ساتھ کام کر رہے ہیں، لیکن انہوں نے کبھی/ 13

### گاندربل کے وُرپش علاقے میں

## 18 سالہ نوجوان کی نعش برآمد

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق وسطی ضلع گاندربل کے وُرپش علاقے میں 18 سالہ نوجوان اویس احمد بنیا ولد زبیر احمد پاور کنال گاندربل میں غرقاب ہوا۔ کئی گھنٹوں کی انتھک کوشش کے بعد نوجوان کی نعش پاور کنال سے برآمد کی گئی۔ پولیس نے نعش کو/ 9

### تین برسوں سے مفرور ڈرگ سمگلر گرفتار

## سٹیٹ انٹلی جنس ایجنسی کی کارروائی

سرینگر/ اے پی آئی// 3 برسوں سے فرار ڈرگ اسمگلر کو سٹیٹ انٹلی جنس ایجنسی نے گرفتار کرنے کا دعویٰ کیا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق سٹیٹ انٹلی جنس ایجنسی کی جانب سے جاری کئے گئے بیان کے مطابق ڈرگ اسمگلر زعفرین خان ولد شفیع اللہ ساکنہ مہرہ داورن اوڑی بارہمولہ کے خلاف منشیات کی خرید و فروخت/ 11

### جموں میں خاتون منشیات فروش گرفتار

## ہیروئن جیسا مواد برآمد/ پولیس

جموں/ یو این آئی/ منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے جموں میں ایک خاتون منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کی تحویل سے ہیروئن جیسا ممنوعہ مواد برآمد کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پولیس پوسٹ نروال کی ایک پارٹی نے معمول کی گشت کے دوران ایک خاتون منشیات فروش کو گرفتار کیا۔ انہوں نے کہا کہ تلاشی کے دوران اس کی تحویل سے 19 گرام ہیروئن جیسا مواد،/ 12

